سوال

کیا بیوی بغیر محرم سفر کرسکتی ہے، اورخاوندکی اجازت کے بغیر جاسکتی ہے، یہ علم میں رہے کہ خاوند مریض ہے اورعلاج کےلیے گیا ہواہے، اورمرض کی بنا پرنیند میں ہے اورجواب نہیں دے سکتا، اوریہ بھی کہ کیا بیوی کسی بھی جگہ جاسکتی ہے یا نہیں ؟ اللہ تعالی آپ کوجزائے خیر عطا فرمائے، اوراسے آپ کی میزان حسنات میں شامل کرے

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اوردورود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اول :

عورت کےلیے بغیر محرم سفر کنا جائز نہیں؛کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"کوئی بھی عورت محرم کے بغیر سفر مت کرے، اورکوئی بھی شخص اس کے پاس مت آئے الایہ کہ عورت کے ساتھ اس کا محرم ہو

ایک شخص نے عرض کیا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں توفلان فلان لشکرمیں جانا چاہتا ہوں اورمیری بیوی حج کرنا چاہتی ہے ؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"تم اس کے ساتھ جاؤ"

صحیح بخاری حدیث نمبر (1862).

اورامام مسلم رحمہ اللہ نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جو عورت بھی اللہ تعالی اوریوم آخرت پرایمان رکھتی ہے اس کےلیے ایک دن کی مسافت کا سفر بغیر محرم کرنا حلال نہیں"

صحیح مسلم حدیث نمبر (1339).

کئی علماء کرام نے بیان کیا ہے کہ فقھاء کرام بغیر محرم عورت کے سفر کرنے کی ممانعت پر متفق ہیں، لیکن کچھ ایسے مسائل ہیں جن میں یہ مستثنی ہوگا :

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں :

"بغوی رحمہ اللہ کا قول ہے : اس میں اختلاف نہیں کہ غیر فرضی (فرضی حج کے علاوہ) کام میں عورت کےلیے بغیر محرم سفر کرنا جائز نہیں، یعنی اس کے ساتھ اس کا خاوند ہویا پھر محرم

مگروہ کافرہ عورت جودارالحرب میں مسلمان ہوگئی یا پھر قیدی تھی کہ قید سے چھوٹ گئی ان کے علاوہ دوسروں نے یہ بھی زائد کیا ہے کہ : یا وہ عورت جواپنے رفقاء سے بچھڑگئی اور

اس نے کسی مامون شخص کو پایا تو اس کے لیے اس کے ساتھ اپنے رفقاء تک جانا جائز ہوگا " انتہی

دیکھیں: فتح الباری (76/4).

دوم :

اصلا تو عورت خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہیں نکل سکتی، اور اگر خاوند سے اجازت لینی مشکل ہو جائے تو پھر عورت اپنی ضروریات وغیرہ کے لیے بغیر کسی سفر کے گھر سے باہر جا سکتی ہے

لیکن اس میں بھی اسے ایسی جگہ نہیں جانا چاہیے جہاں اس کا خاوند اس کے جانے کو ناپسند کرتا ہو

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (83360) کے جواب کا مطالعہ کریں

واللہ اعلم .

الاسلام سوال وجواب

149192